Haringey LONDON

ووڈ گرین ووئیسز

گفتگو میں شرکت کیجئے

ووڈ گرین آپ کا گھر ہے، وہ جگہ جہاں آپ وقت گزارنے آتے ہیں،

خریداری کریں، کھائیں پیئیں، دوستوں سے ملیں، ورزش کریں، کام کریں یا اپنا کاروبار چلائیں۔ ووڈ گرین بارو کا معاشرتی مرکز بھی ہے۔

آپ کو ووڈ گرین کے بارے میں کیا پسند ہے؟ کس چیز کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے؟

ہم سب انوکھے حالات میں سے گزر رہے ہیں۔ گلوبل وارمنگ یعنی دُنیا میں اضافی گرمی کی وجہ سے شدید موسمی واقعات بڑی مشکلات کا باعث بن رہے ہیں۔ اور کوویڈ وبائی مرض نے بنیادی طور پر اس امر کو تبدیل کر دیا ہے کہ ہم کس طرح مقامی جگہوں اور مقامات کا استعمال کرتے ہیں اور اپنی کمیونٹی سے رابطہ قائم کرتے ہیں۔ اب روز مرّہ زندگی کے اخراجات کے بحران کی قیمت اس بات پر اثر انداز ہو رہی ہے کہ ہم اپنی زندگی کیسے گزارتے ہیں۔

ہم اس امر کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ووڈ گرین کو بہتر بنانے کے لیے کوئی بھی پروجیکٹ یا منصوبہ آپ کی ترجیحات کی عکاسی کرے گا۔

ہمیں اپنے وُڈ گرین کے بارے میں بتائیں

ووڈ گرین ایک ترقی یافتہ مقام ہے اور کچھ ایسی چیزیں ہیں جو کونسل تبدیل نہیں کر سکتی، لیکن ہم آپ کے ساتھ ان چیزوں کے بارے میں بات چیت شروع کرنا چاہتے ہیں جو ہم کر سکتے ہیں۔

آپ میں سے کچھ نے ہم سے پہلے بات کی ہوگی اور دوسروں کے لیے یہ ایک نئی گفتگو ہوگی۔ یہ ایک نئی شروعات ہے، ووڈ گرین میں مقام سازی کا ایک نیا طریقہ اور آپ کے مقامی علاقے پر اثر انداز ہونے کا ایک حقیقی موقع ہے۔

ہم یہاں سننے کے لیے ہیں اور ہم آپ کے ساتھ مختلف طریقے سے کام کرنا چاہتے ہیں۔
Rising Green Youth Hub, 2 Lymington Avenue, Wood Green, N22 6JA (Lidl کے بالمقابل) میں ہمارے ساتھ شامل ہوں۔
ڈراپ ان سیشنز(بغیر اپوائنٹمنٹ کے آنے کے مواقع)
پیر 7 نومبر
دوپہر 12 بجے سے 2.30 بجے تک
منگل 8 نومبر:
دوپہر 2 بجے سے شام 8 بجے تک
ہفتہ 12 نومبر
دوپہر 2 بجے سے دوپہر 4 بجے تک

وارکشاپ

- پبلک ورکشاپ کے لیے رجسٹر کریں:
- پیر 7 نومبر
  دوپہر 12 بجے سے دوپہر 2.30 بجے تک

ریفریشمنٹ فراہم کی جائے گی۔ جگہیں محدود ہیں۔ اس ایم میل کے ذریعے جواب دیجئے:

woodgreenregeneration@haringey.gov.uk

آن لائن سروے

پیر 7 نومبر سے اتوار 20 نومبر تک آپ آن لائن اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں۔ www.haringey.gov.uk/wgv پر جائیں یا QR کوڈ سکین کریں۔

آپ ووڈ گرین کی آوازیں ہیں۔ آج ہی گفتگو میں شامل ہوں۔